© rasailojaraid.com

عبقریتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تقطیع خورد ضخامت ۱۲۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ، پتہ: ملک سراج الدین اینڈ سنز پبلشرز، کشمیری بازار، لاہور- ۸

مصر کے مشہور ادیب محمود عباس العقاد نے جن کا ابھی گذشتہ مارچ میں انتقال ہوا ہے ایک مختصر کتاب "عبقریۃ محمد" کے نام سے لکھی تھی جس میں انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر اپنے مخصوص خطیبانہ انداز میں روشنی ڈال کر یہ ثابت کیا ہے کہ بلاشبہ آپؐ نبی برحق ہیں اور "آپؐ کی رسالت حضرت ابراہیمؑ سے لے کر حضرت عیسیٰؑ تک سب کی امیدوں اور آرزوؤں کی آخری آماجگاہ تھی"، زیرِ تبصرہ کتاب اسی کتاب کا اُردو ترجمہ ہے جو فروغ احمد صاحب کے قلم سے ہے، عقاد کی تحریروں میں بلا کا جوش اور زورِ بیان پایا جاتا ہے، اُردو میں بعینہٖ اُس کو منتقل کرنا بیحد مشکل ہے تاہم لائق مترجم نے ترجمہ میں اصل کے زورِ بیان کو کسی حد تک قائم رکھنے میں کامیابی حاصل کی ہے، اور اس بنا پر یہ کوشش قابلِ داد ہے۔

پاندان والی خالہ از جناب تخلص بھوپالی، تقطیع خورد ضخامت ۲۷۵ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت ۲/۷۵ - پتہ: نیج بھون پبلیکیشنز، جہاں گیرآباد- بھوپال۔

تخلص صاحب بھوپالی جنھوں نے چند برسوں میں ہی مزاح و طنز نگاری میں ملا رموزی کی طرح مقبولیت و شہرت حاصل کرلی ہے یہ کتاب اُن کے مختلف مضامین کا مجموعہ ہے، ان میں تخلص صاحب نے خالہ کی زبان سے وہ سب کچھ کہلوا لیا ہے جو ملک کے موجودہ انحطاط پذیر سماج کے متعلق بغرضِ اصلاح وہمدردی وہ کہنا چاہتے تھے، پھر زبان و بیان کا کیا کہنا! خود شہزادی عابدہ سلطان جنھوں نے اس پر مقدمہ لکھا ہے انھوں نے اس کو بھوپال کی خواتین کی قدیم ٹکسالی زبان کہا ہے۔ اب چند برسوں کے بعد اس زبان کا نہ کوئی بولنے والا ملے گا اور نہ سمجھنے والا، اس لئے اس طرح کی کتابوں کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھنا اور اُن کے مصنفین کی حوصلہ افزائی کرنا چاہئے۔

بزرگانِ دین نمبر گلِ خنداں: مرتبہ جناب عبدالرؤف: تقطیع خورد ضخامت ۳۹۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت تین روپیے پتہ:- ملک سراج الدین اینڈ سنز تاجرِ کتب کشمیری بازار لاہور ۸

© rasailojaraid.com